**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**
**36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**29جنوری2025ء**

# پریس ریلیز

## امارتِ اسلامیہ افغانستان کے اسلامی نظام کے مکمل نفاذ کی کوششوں پر طاغوتی قوتوں کے حملے انتہائی تشویش ناک ہیں۔ (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** امارتِ اسلامیہ افغانستان کے اسلامی نظام کے مکمل نفاذ کی کوششوں پر طاغوتی قوتوں کے حملے انتہائی تشویش ناک ہیں۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ افغان طالبان کی حکومت نے گزشتہ تقریباً ساڑھے تین سال کے دوران افغانستان میں اسلامی نظام کے نفاذ میں نہ صرف بڑی حد تک کامیابی حاصل کی ہے بلکہ جن امور میں بہتری کی گنجائش تھی اُن پر بھی بھرپور توجہ دی ہے جو طاغوتی قوتوں اور عالمی استعماری اداروں کے لیے زہرِ قاتل سے کم نہیں۔ لہٰذا عالمی فوجداری عدالت (ICC)، جس کی حیثیت امریکہ کی کنیز سے بڑھ کر نہیں، اُس کے پراسیکیوٹر کریم خان (قادیانی) نے افغان طالبان کے امیر ہبیت اللہ اخوندزادہ اور امارتِ اسلامیہ افغانستان کے چیف جسٹس عبدالحکیم حقانی پر افغان لڑکیوں، خواتین اور LGBTQ پر مظالم کے الزام میں وارنٹ گرفتاری جاری کرنے کی درخواست کی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اس سے قبل ICC نے غزہ کے مسلمانوں پر ساڑھے 13 ماہ کی مسلسل اسرائیلی بمباری کو پسِ پشت ڈالتے ہوئے اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو اور سابق وزیر دفاع یوگیلنٹ کے خلاف محض دو معمولی واقعات کی بنیاد پر وارنٹ گرفتاری جاری کئے تھے، جنہیں اسرائیلی اعلیٰ عہدے داروں اور امریکہ سمیت دیگر مغربی ممالک نے ردی کی ٹوکری کی نظر کر دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ICC کا حالیہ قدم چند روز قبل اسلام آباد میں منعقد ہونے والی ''لڑکیوں کی تعلیم'' پر کانفرنس کا تسلسل دکھائی دیتا ہے، جس میں ملالہ یوسف زئی نے اپنی تقریر میں امارتِ اسلامیہ افغانستان کے خلاف الزامات کی بوچھاڑ کر دی تھی۔ جبکہ حقیقت تو یہ ہے کہ امارتِ اسلامیہ افغانستان، اسلامی تعلیمات کے مطابق خواتین کی تعلیم کا انتظام کرنے پر پیش رفت کر رہی ہے۔ پھر یہ کہ حال ہی میں افغانستان نے اس شرط پر کہ خواتین کے محارم کو بھی ویزا دیا جائے، اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے 5000 خواتین کو پاکستان کی یونیورسٹیوں میں تعلیم حاصل کرنے کی اجازت دی ہے۔ امیرِ تنظیم نے کہا کہ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ امریکہ ابھی تک افغانستان کے 9.5 ارب ڈالر کے زرِ مبادلہ کے ذخائر غصب کیے بیٹھا ہے اور اس تناظر میں خواتین کی شرعی پردے کے ساتھ، غیر مخلوط تعلیم کا مکمل انتظام کرنے کے لیے جو خطیر رقم درکار ہے اُس کا بندوبست کرنے میں افغانستان کو مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ طاغوتی قوتوں کی اصل خواہش تو یہ ہے کہ امارتِ اسلامیہ افغانستان معاشرتی نظام کے حوالے سے اسلامی تعلیمات سے دستبردار ہو جائے اور مغرب کے تعفن زدہ نظام کو نافذ کر دے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ افغانستان میں اسلامی نظام کو مکمل طور پر قائم و نافذ کرنے کی کوششیں کامیاب کرے اور امارتِ اسلامیہ افغانستان کے خلاف طاغوتی قوتوں کی تمام سازشوں کو ناکام بنائے۔ آمین!

**جاری کردہ**

**رضاء الحق**

**مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان**

# TANZEEM E ISLAMI

## PRESS RELEASE: 29 January 2025

### The attacks by malevolent forces on the Islamic Emirate of Afghanistan's efforts to fully implement the Islamic system in the country are deeply concerning.

### (Shujauddin Shaikh)

**Lahore (PR):** This was said by the Ameer of Tanzeem e Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that there is no doubt that the Afghan Taliban government, over the past nearly three and a half years, has not only achieved notable success in implementing the Islamic system in Afghanistan but has also focused considerable attention on areas where room for improvement existed, all of which poses a serious challenge to the malevolent forces and global imperial institutions. Therefore, the prosecutor of the International Criminal Court (ICC), Karim Khan (Qadiani), an institution that serves as a tool of the United States, has requested the issuance of arrest warrants for Hibatullah Akhundzada, the Ameer of the Afghan Taliban, and Abdul Hakim Haqqani, the Chief Justice of the Islamic Emirate of Afghanistan, accusing them of violations against Afghan girls, women, and the LGBTQ community. The truth, however, is that before this, the ICC ignored Israel's prolonged bombing of Gaza for over 13 months and instead issued arrest warrants for Israeli Prime Minister Netanyahu and former Defence Minister Yoav Gallant based on just two minor incidents, which Israeli high officials and other Western countries, including the United States, dismissed. The Ameer explained that the ICC's recent move seems to follow from the "Education for Women" conference that took place in Islamabad a few days ago, where Malala Yousafzai, in her speech, launched a series of accusations against the Islamic Emirate of Afghanistan. In reality, however, the Islamic Emirate of Afghanistan has made notable progress in organizing women's education in accordance with Islamic teachings. Furthermore, Afghanistan recently allowed 5,000 women to pursue higher education in Pakistani universities on the condition that their male guardians would also receive visas and accompany them. The Ameer also pointed out that the United States still holds Afghanistan's $9.5 billion in foreign exchange reserves as ransom, and this daylight robbery has caused Afghanistan significant difficulties in arranging the substantial funds required to establish a system of education for women in line with Islamic principles, such as proper covering and gender segregation. The Ameer said that the reality is that the real agenda of the malevolent forces is to force the Islamic Emirate of Afghanistan to abandon its Islamic teachings regarding social systems and replace them with the decadent Western system. He prayed that may Allah *(SWT)* grant success to Afghanistan's efforts to fully establish and implement the Islamic system and thwart all the malevolent forces' conspiracies against the Islamic Emirate of Afghanistan. *Ameen*!

**Issued by:**
**Raza ul Haq,**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**